ومن یتوکل علی اللہ فہو حسبہ

بعد الحمد والمنت کہ نسخۂ دلچسپ اردو مثنوی میر تقی دہلوی موسوم

شعلۂ عشق

تصنیف ضعیف البنیان عبد الواحد خان ولد محمد مصطفی خان عافاہما اللہ عن مکائد الزمان

در مطبع مصطفائی بقلم طبع درکشید

بسم اللہ الرحمن الرحیم

محبت نی ظلمت سی کاڑھا ہی نور | نہوتی محبت نہوتا ظہور
محبت مسبب محبت سبب | محبت سی ہوتا ہی کار عجب
محبت بن اسجا نہ آیا کوئی | محبت سی خالی نہ پایا کوئی
محبت ہی اس کارخانی مین ہے | محبت سی سب کچھ زمانی مین ہے
محبت سی کسکو ہوا ہی فراغ | محبت نی کیا کیا دکھائی ہین داغ
محبت اگر کار پرداز ہو | دلون کی تئین سوز سی ساز ہو
محبت ہی آب رخ کار دل | محبت ہی گرمی بازار دل
محبت عجب خوب خونریز ہے | محبت بلا ہی دل آویز ہے
محبت کی ہین کار پردازیان | کہ عاشق سی ہوتی ہین جانبازیان
محبت کی آتش سی اخگر ہی دل | نہوئی محبت تو پتھر ہی دل
محبت کو ہی اس گلستان مین راہ | کلی کی دل تنگ مین بھی ہی چاہ
محبت ہی سی دل کو رو بیٹھیئی | محبت مین جی مفت کھو بیٹھیئی
محبت لگاتی ہی پانی مین آگ | محبت سی ہی تیغ و گردن مین لاگ

محبت سی ہی انتظامِ جہان | محبت سی گردش مین ہی آسمان
محبت سی روئی گئی یار خون | محبت سی ہو ہو گیا ہی جنون
محبت سی آتا ہی جو کچھ کہو | محبت سی ہو وہ جو ہرگز نہو
محبت سی پروانہ آتش بجان | محبت سی بلبل ہی گرمِ فغان
اسی آگ سی شمع کو ہی گداز | اسی کے لئی گل ہین سرگرمِ ناز
محبت ہی لی تحت سی تا بفوق | زمین آسمان سب ہین لبریزِ شوق
محبت سی یارون کی ہین رنگ زرد | دلون مین محبت سی اوٹھتا ہی درد
گیا قیس ناشاد اس عشق مین | گئی جانِ فرہاد اس عشق مین
ہوئی اس سی شیرین کی حالت تباہ | کیا اس سی لیلی نی خیمہ سیاہ
سنا ہوگا وامق پہ جو کچھ ہوا | نل اس عشق مین کسطرح سی ہوا
جو عذرا پہ گذرا سو مشہور ہی | دمن کا بہی احوال مذکور ہی
نام عاشق
ستم اسکی ساری یہ ہی سہی گئی | اور اس عشق کو عشق کہتی گئی
اس آتش سی گرمی ہی خورشید مین | ہی ذرہ کی جان نومید مین
اسی سی دلِ ماہ ہی داغدار | کتان کا جگر ہی سراسر فگار
نئی اسکی ہر جا حکایت سنی | کبہی شکر کا ہی شکایت سنی
اسی سی [illegible] منت ہی ہر چار اور | اسی فتنہ گر کا ہی عالم مین شور
طرف
کوئی شہر ایسا نہ دیکھا کہ وہان | نہو اس سی آشوب محشر عیان

کب اس عشق نی تازہ کاری کی نہ — کہان خون سی غازہ کاری کی نہ
زمانی مین ایسا نہین تازہ کار — غرض ہی یہہ اعجوبۂ روزگار

آغاز قصۂ جانکاہ کہ در عہد محمد شاہ در عظیم آباد روبروی وضیع و شریف بظہور پیوستہ

عجب کام پٹنہ مین اس سی ہوا — عجب اہل عالم کو جس سی ہوا
کہ وہان ایک جوان تہا پر سرانام — خوش اندام و خوش قامت و خوش خرام
جوانی کی گلشن کا وہ آب و رنگ — گلستان پہ کام اوسکی خوبی سی تنگ
جدہر نکلی رنگین ادائی کی ساتہہ — چلی جاوین جی خوشنمائی کی ساتہہ
جدہر کو وہ ٹک گرم رفتار ہو — قیامت اودہر سی نمودار ہو
کہلی بال چلتا جو وہ سرو ناز — قدم بوس کو آتی عمر دراز
نگہ گرم اوسکی جدہر جا لڑی — کہی تو کہ اوس طرف بجلی پڑی
وہ کافر بہوین ہووین مائل جہان — کرین سجدہ اوس جا ہی اسلامیان
نگہ تیغ مجروح جسکی پڑی — پلک سیل خون دل مین جاکر گڑی
سیہ چشم اوسکی وہ بدمست تہی — نگاہون سی شمشیر در دست تہی
رخ اوسکا کہان اور مہ و خور کہان — تفاوت زمین آسمان کا ہی یہان
وہ لب لعل کو جسنی شرمندگی — دم حرف سرمایۂ زندگی
دہن کی جو تنگی نظر کیجئی — تو آگی سخن مختصر کیجئی
نہ ہم تم زنخ دیکہہ حیران رہین — سبہی دست زیر زنخدان رہین

سراپا مین اوسکی جہان دیکھیے ۔ وہین رومی مقصودِ جان دیکھیے
خرامان نکلتا وہ جس راہ سی ۔ قیامت تھی وہان نالہ و آہ سی
فدا اوسپہ تھی جان ہر ایک کا ۔ کہ مقصودِ دل تھا بد و نیک کا
کئی گرد پیش اوسکی وارفتگان ۔ کئی ایدہر اودہر جگر تفتگان
بہت رفتگان ادائے کلام ۔ بہت مبتلائی بلائی خرام
کوئی کشتۂ شوقِ رخسار کا ۔ کوئی نیم جان ذوقِ دیدار کا
کوئی والۂ خندۂ برق وش ۔ کسو کی تہین جنبشِ لب سی غش
کوئی کشتۂ شوقِ خمیازہ تھا ۔ کوئی نیم جان ذوقِ اندازہ تھا
کسو کی نظر پہ کمر کی لچک ۔ کسو کی جگر مین پلک کی کسک
کوئی حیرتی طرزِ گفتار سی ۔ کوئی آرزو کش بر یار سے
کوئی زلف سی اوسکی مجنون ہی ۔ کسی کا تبسم سی دل خون ہی
کوئی دل ستم کشتۂ یک نگاہ ۔ کوئی جان بہ ٹوٹنہ پہ موقوف آہ
کسو پر فسون گردشِ چشم کا ۔ کسو پر غضب ناز اور خشم کا
کوئی دست بر دل کوئی بیقرار ۔ کوئی بیخبر و کوئی بی اختیار
انہون مین سی ایک عاشقِ زار تھا ۔ اوس آفت کو اوس سی سروکار تھا
محبت مین تھا جذبِ کامل اوسی ۔ مرادِ دل اپنی تھی حاصل اوسی
شب و روز ہم بسترِ کامِ دل ۔ ہمیشہ ہم آغوشِ آرامِ دل

دم اوسکی مین یہان تک تو تاثیر تھی　　کہ صحبت اوس آتش سی درگیر تھی

بہم ربط چسپان بہم اختلاط　　نہ کم ہوئی گرمی نہ کم اختلاط

مرو کوہی غم سی کوئی ہو ہلاک　　وہ شعلہ اسی خس سی کہتا تپاک

کہان حسن مین تہا وفا کا یہہ پاس　　یہہ صحبت سنی ہی خلاف قیاس

بہت سی بہت اوس سی مالوف تہا　　اوسی کے تسلی کا مصروف تہا

کہ ناگہ وہ دلبر ہوا کدخدا　　رہا اپنی عاشق سی چندی جدا

زن و شو مین اخلاص باہم ہوا　　اوس آشفتہ سی رابطہ کم ہوا

نگاہین بہم دلمین کاوش کرین　　سخن سی وفائین تراوش کرین

ہوا ربط چسپان بہم اس قدر　　کہ دشوار اوٹھی ہمدگر سی نظر

رہین دو تو دست و بغل روز و شب　　بوضعی کہ ہو مونہہ پہ مونہہ لب پہ لب

روزی رفتن جوان پیش عاشق و شکایت کردن او از ہجران و عذر خواستن

پسر از کہ بسبب کدخدا شدنست او اظہار نمودن محبت زن و باور نکردن آن

وفا کی تکالیف سی ایک روز　　گیا اپنی عاشق کی وہ دلفروز

کئی دن مین جا کر جو اوس سے ملا　　کیا اوسنی صد سی زیادہ گلا

کہ ای نازنین آہ کسنی کہا　　کہ تو حال سی میری غافل رہا

مگر سد رہ تہا کسو کا فریب　　ملا یا کوئی تجہہ سی دشمن شکیب

کوئی زلف زنجیر پا ہو گئے　　کہ یہ سد و در راہ وفا ہو گئے

طرح کسکی چیتون کی دل مین کہبی ۔ جگر مین پلک شوخ کسکی چہبی
کسو چشم بی تجکو جادو کیا ۔ میری جام عشرت مین لوہو کیا
کہا اوسنی تہی کہ جدائی میری ۔ نہ تہی بی سبب یہہ جدائی میری
رکہہ اب مجکو معذور ناچار ہون ۔ محبت کا مین تو گرفتار ہون
نہ فرصت مجہی صبح ہی اب نہ شام ۔ کہ ہی دل کو اوسطرف میل تمام
اوسی بہی میری ساتہہ اخلاص ہے ۔ دلون کو بہم رابطہ خاص ہے
اوسی مجہہ سی ہی نسبت عاشقی ۔ وہ رہتی ہی بی طاقت عاشقی
نہین اوسکو ایک لحظہ تاب فراق ۔ جدائی میری اوسپہ گذری ہی شاق
نکلتا ہون گہر سی جو مین ایک آن ۔ تو پاتا ہون جاکر اوسی نیم جان
نہ دیکہی جو مجکو تو مرجای وہ ۔ وہین اپنی جی سی گذر جای وہ
جو پہنچی میری جہوٹ اوسی بد خبر ۔ تو کر بیٹہی سچ اپنی جی کا ضرر
غرض اوسکو تاب تحمل نہین ۔ شکیبائی ہجر بالکل نہین
یہہ سنکر کہا اوس دل افکار نی ۔ ستم کشتہ دوری یار نی
کہ مجکو نہین تیری باتین قبول ۔ یہہ مکر زنان ہی تو انپر نہ بہول
وفا کتنی ان ناقصون مین سی کی ۔ ہوا شو (خاوند ۱۲) ہی کسکا کہ پہر وہ نہ جی
یہہ ظاہر مین ہرچند ہین رشک ماہ ۔ و لیکن ہین باطن مین مار سیاہ
خدا مکر سی انکی دیوے خبر ۔ نہین انسی کوئی فریبندہ تر

جہان مین فریب انکا مشہور ہے
زبانون پہ مکر انکا مذکور ہے

سخنہا ساختہ فرستادن آن عاشق نفری را برای امتحان محبت ہمسرش و بمجرد شنیدن مردن آن زن و ازین واقعہ بخواہش جوان شدن و پشیمان گشتن عاشق ازین امتحان

پی امتحان عاقبت یک نفر
مقرر کیا تا کہ جا اوسکی گہر

کہی غرق دریا ہوا پر اسلام
ہوئی زندگانی کی صبح اوسکی شام

گیا تہا نہانی کو وقت سحر
سو ڈوبا وہ خورشید روشن گہر

گیا موج دریا کی سر سی گذار
اوٹھا طبع نازک سی اوسکی غبار

وہ گیسو جو بکہری تہی بالای آب
سو امواج دریا کو ہی پیچ و تاب

پہرین تہین جو وہ انکہڑیان آب مین
سو وہ گردشین اب ہین گرداب مین

تمنا سی تہی جسکی سب دلفگار
سو دریا کو ہی اب وہ بوس و کنار

نہ سمجہا وہ نافہم اسرار عشق
نہ سوچا وہ ناتجربہ کار عشق

کہا غرق دریا ہوا پر سلام
ہوا کام اوس رشک مہ کا تمام

کہی تو کہ موجون کو تہا انتظار
کہ دست و بغل ہو گئین ایکبار

گیا بیٹھہ پانی مین ایسا شتاب
کہ گویا لب آب کا تہا حباب

کناری پہ دریا کی اب شور ہی
بجان خبر اب ایک جمہور ہی

گری ہین کئی آشنا آب مین
کئی آتش غمسی ہین تب مین

کوئی سر پہ اس غمسی ڈالی ہی خاک
کسی نی کیا ہی گریبان کو چاک

ہین داغ وہ درد تر دی گیا | بہت آب وہ ماجرا لی گیا
سنا اوسکی ہمدم نے جب یہہ سخن | ہوا موج زن بحر رنج و محن
لگا ایکطرف ڈر کی مایوس کی | دم سرد کہینچا گیا لوٹ بے
وہی بیخودی رخصت جان تہے | وہ ایکدم کی گویا کہ مہمان تہے
اگرچہ ہو کی بیجان وہ درد مند | ہوا شور نوحہ کا گہر سی بلند
ہوئی غم مین اوس یار طناز کے | گئی جان ہمرہ سخن ساز کے
وہ آیا جو تہا دل پریشان گیا | کہ اس واقعہ سی پشیمان گیا
خبر لی گیا اوسکی زود تر | جو تہا درپی امتحان بی خبر
کہ وہ رشک مہ امتحان دیکہی | محبت مین ناموس کو لی کئی
ہوا اس پہ سرام کی تیغ ہوئی | میری ایک سخن مین قیامت ہوئی
اگرچہ نہ کچہہ منہہ سی اوسنی کہا | دیا جی ولی بے اوسی مین رہا
یہہ سنکر وہ نا فہم حیران ہوا | خجالت سی سر در گریبان ہوا
گیا ہوش سنکر یہ سرام کا | دیوانہ ہوا عشق کی کام کا
او ہتا بیخود و بیخبر بی حواس | گرا اگر اوس پیکر مردہ پاس
لگا کہنی ای مایۂ زندگی | مجہی منہہ سی تیری ہی شرمندگی
کیا جلد رخصت سفر تونی یار | نہ میرا کیا آہ تک انتظار
نہ میری سنی کچہہ نہ اپنی کہی | میری تیری دونو کی جی مین رہی

زمین پر سی آخر اوٹھا یا اوسی — لب آب جا کر جلا یا اوسی
جب آگ اوسکی پیکر پہ سب چہا گئی — محبت عجب داغ دکھلا گئی

دیوانه شدن آنجوان و بعد از چندی بدریا رفتن و از آنجا نشان معشوق مرده یافتن از دامادی که برلب آب سکونت داشت و بسر بردن شب بصد بیتابی در جوار آن صیاد

یہہ سرگرم فریاد و زاری ہوا — لہو اوسکی آنکہونسی جاری ہوا
جگر غم سی یک لخت خون ہو گیا — رکا دل کہ آخر جنون ہو گیا
گئی ہوش و صبر اوسکی یکبار گی — طبیعت پر آئی ایک آوار گی
سر اسیمگی سی بگہولا ہوا — پہری اس طرح جیسی بہولا ہوا
نہ جی کو تسلی نہ دل کو قرار — گیا غم مین سر رشتۂ اختیار
کبہو یاد کر اوسکو نالان رہی — کبہو تک جو بہولی تو حیران رہی
نہ ایک آہ دم دیدۂ تر لگی — نہ گہر مین لگی جی نہ باہر لگی
کبہو یہان کبہو وہان بحال خراب — وہی بیقراری وہی اضطراب
رہی گہر تو آشوب کی وہ بیکلی — چمن مین جو لیجائین تو بی بیکلی
کبہو بیٹہہ رہی متصل آہ سرد — کبہو دست بر دل کہی دلمین درد
ہوئی رفتہ رفتہ جو وحشت زیاد — لگا بہاگنی سب سی وہ نامراد
کچہہ اپنی بد و نیک کی سدہ نہین — نکلجاوی تنہا کہین تا کہین
کبہو جا کی صحرا سی لاوین اوسی — کبہو روتی دریا پہ پاوین اوسی

کبہ

کبھو خاک ملتا ہی موہنہ پر کھڑا | کبھو ہی خرابی مین بیسدہ پڑا
سر شام ایک روز دریا گیا | ہوئی شام وہان سی نہ آیا گیا
کنارے پہ رہتا تہا ایک دیندار | رہا رات وہ اوسکی قرب و جوار
کہا اوسکی عورت نی اوس رات کو | نہین تجہسی جی چاہتا بات کو
پرسرام
تجہی فکر کچہہ اب ہمارے نہین | تو جاتا نہین شام سی اب کہین
تیرا شب کو دریا مین پڑتا تہا دم | تو چلتا تہا بارے معیشت کا کام
تو جاتا نہین شب کو جس روز سی | معیشت ہی اندوہ جانسوز سی
نہین طاقت صبر ہی کو تنگ | بہت دیر ملتا ہی نان و نمک
وہ بولا کہ مین بہی تو نالان ہون | بہت تنگدستی سی حیران ہون
کہون کیا کئی روز سی شام کو | اوٹہاتا نہین اسسبب دام کو
کہ ایک شعلۂ تند و پرپیچ و تاب | فلک سی اوترتا ہی نزدیک آب
کوئی دم تو رہتا ہی سرگرم گشت | کبہو سوی دریا کبہی سوی دشت
ٹہرتا ہی پہر جو کنارے پہ وہان | کہی ہی پرسرام تو ہی کہان
یہہ آتش میری دلکی کیونکر بجہی | عدم مین بہی مینی نہ پایا تجہی
کیا عشق نی مجکو آتش کباب | بجہا مہرکا میری آگ پر تو نی آب
یہہ کہہ کر وہ جاتی ہی سوی آسمان | رہی ہی مجہی رات دن خوف جان
سنا حال شعلہ کا صیاد سی | دیوان ایک اوٹہا جان ناشاد سی

ہوا شعلۂ شوق دل سی بلند　　رہا آگ مین لوٹتا جون سپند

صبح رفتن آن دیوانہ پیش ہمان عاشق و او را فریب دادہ بتکلیف سیر کشتی کردن
و راضی شدہ رفتن آن و بحیلہ ہمراہی و راہبری طلبیدہ ہمراہ گرفتن و امداد

گئی رات جیون تیون ہوئی صبح جب　　زیادہ ہوئی عشق کی تاب و تب

محبت نی کی اشتعالک کہ وہ　　سراسیمہ آیا چلا اوس جگہ

جہانسی اوٹھی تھی یہہ آتش سلگ　　پہر اسکی جگر کو لگی گہر کو لگ

تبسم کنان وہان یہہ آ کی کہا　　کہ ظلمت مین غم کی بہت مین رہا

چلو سیر کشتی کو ہنگام شب　　لب آب خالی کرین دلکو سب

ہوا سو ہوا یون ہمین تقدیر تہی　　جہان سوز الفت کی تاثیر تہی

نہوتین جو دل گرمیان متصل　　نہوتی یہہ آتش کبہو مشتعل

کیان حسن کی اوسنی باتین جو وہان　　وہ عاشق جو تہا در پی امتحان

لگا کہنی یہہ آرزو تہی مجہے　　کہ ایکروز ہوشیار دیکہون تجہے

سو وہ دن خدا نی دکہایا مجہی　　سخن تیری لب کا سنایا مجہی

ندامت سی ہون تنگ شاید یہین سبب　　گرفتہ ہون مین بحال عجب

نہ خجلت سی موہنہ ہی کہ مین کچہہ کہون　　نہ قدرت اجل پر کہ مر بی رہون

نہ تقدیر کا مینی سمجہا فریب　　نہ جانا کہ آتی ہی یہ ناشکیب

ہوا ایک سخن مین تیری یہہ غضب　　خرابی کا تیری ہوا مین سبب

گرو نکا زمانی مین جب تک معاش ‌ ‌ ‌ رہون کا اسی درد سی دلخراش

مقرر کیا ہی کئی دن سی یہہ ‌ ‌ ‌ کہ آیندہ رہئی تیری خاک رہ

زمانی مین جب تک جیا کیجئی ‌ ‌ ‌ رضا مندی تیری کیا کیجئی

جو اسمین ہی خوش تو تو مین بہی ہون ساتہہ ‌ ‌ ‌ رہنگی لب آب ہی آج رات

دل پر کو خالی کرین گے بہم ‌ ‌ ‌ پہر رہنگی تیری ساتہہ خوش گوئی کم

ہوئی عاقبت سوی دریا روان ‌ ‌ ‌ نہ پیدا کسو پر یہہ راز نہان

کہ یک آگ سی لگی ہی وہان کنار ‌ ‌ ‌ محبت کمین مین ہی سرگرم کار

کسو اشتعالک کی ہی منتظر ‌ ‌ ‌ جہان سر کو کہینچا قیامت ہی پہر

ہوئی ناو پر شام کو جب سوار ‌ ‌ ‌ کہا اوسنی یہان ایک ہی دام دار

جہان قفل ہو راہ دریا تو وہان ‌ ‌ ‌ کفایت ہی اوسکی کلید زبان

اوسی ساتہہ لو تو پہلی بات یہہ ‌ ‌ ‌ کہ دریا مین پہرنا ہی اور رات ہی

سوار شدن بر کشتی و ہمراہ گرفتن دلدار و تفحص حرف شب کردن و از دور نشان معشوق مردہ یافتن و پنہان قریب شعلہ رفتہ سوختہ شدن آن

لیا آخر الامر ہمراہ اوسی ‌ ‌ ‌ بٹہایا قریب اپنی کہہ کہہ اوسی

شتاب ایک دور چلکر کیا یہہ سوال ‌ ‌ ‌ مجہی ہے تیری حرف شب کا خیال

کہان شعلہ سرکش آتا ہی یہان ‌ ‌ ‌ کدہر پیچ و تاب آگی کہاتا ہی یہان

کہان لی ہی کر دریا پہ اکدم قرار ‌ ‌ ‌ کدہر مضطرب ہو کری ہی گذار

ٹھہرتا ہی کسجا وہ آتش فگن
طرف کون سی ہو ہی گرم سخن

یہہ صیاد سی تہا ہی محو سراغ
جگر آتش شوق رکہتا تہا داغ

کہ ہو کر فروغ ایک سوی آسمان
تڑپنی لگا جیسی آتش بجان

کوئی دم مین دریا پہ آیا فرود
ہوا نیزہ بالا سی ہونکا نمود

لب آب وہ شعلۂ جانگداز
تڑپہکر بہت با زبان دراز

پکارا کہان ہی پرسرام تو
محبت کا ٹک دیکہہ انجام تو

کہ مین جملہ تن آتش تیز ہون
دل گرم سی شعلہ انگیز ہون

بہڑکتی ہی جب آگ دلکی میری
لب آب اوترون ہون غم مین گہری

مگر سوزش دل ہو کم آب سی
بجہی جے میرا اس تب و تاب سی

سو یہہ آب کرتا ہی روغن کا کام
کیا عشق نی مجہسی دشمن کا کام

یہہ شعلہ سی سنکر ہوا بیقرار
سفینہ سی اوترا بصد اضطرار

ہوا ہمدم اوس آتش تیز سی
کہا اوس بلا سی دل آویز سی

کہ مین ہون پرسرام خانہ خراب
میرا دل بہی اس آگ سی ہی کباب

میری بہی جگر مین یہی سوز ہی
یہی مجہکو جلنا شب و روز ہی

محبت تیری ہی برق خرمن ہوئی
تیری ہی دوستی سخت دشمن ہوئی

سخن مختصر کہکہہ وہ شعلہ چلا
کہکہ ایک اپنی جا گہ سی یہہ دل جلا

بہم گرم جوشی سی یکجا ہوئے
کہ گہبرا رہی تہی [illegible] بہی تنہا ہوئے

وہ شعلہ جو تھا ایک جا مشتعل | کبھی تو تسلی ہوئی جان و دل
یکایک بھڑک کر وہ جلنی لگا | پھرا ادہر اودہر پھرنی جلنی لگا
گیا پاس پانی کی آکر صعود | رہی روشنی سی کوئی دم نمود
پھر آگی کسو پر نہ پیدا ہوا | نجانا کہ وہ شعلہ پھر کیا ہوا
خبردار ہو اہل کشتی تمام | لگی کہنی باہم نہین یہ مقام
اوٹھی ڈھونڈنی ہو کی سب بے صبور | کناری یہ دریا کی نزدیک و دور
نہ پایا کہین اوسکو حیران ہوئی | نہایت ہی خاطر پریشان ہوئی
وہ صیاد بولا کہ دون مین نشان | گیا تہا اسو ہی شعلہ و نوجوان
یہہ ہے آگ وہ تو ہوئی ہم سخن | وہ شعلہ ہوا اسپہ آتش فگن
یہہ جو شمش تو یہان سی تہی در نظر | پہر آگی نہین اوسکی مجھکو خبر
ہوا آتش غم سی ہر دل پہ داغ | چلو اوس طرف کو جو نکلی سراغ
گئی مضطرب حال ساری وہان | ٹہرتا تہا وہ شعلہ آکر جہان
بہت کی تلاش اوسکی لی لی کی نام | پکاری بہت پر کہان یہہ مرام
محبت نی ایسا کہپایا اوسی | کہ ہرگز کسی نی نہ پایا اوسی
ہوئی ڈھونڈہتی ڈھونڈہتی نیم جان | نہ پیدا ہوا صبح تک کچہ نشان
یقین ہو گیا سب کو وہ تیز آگ | اوسی ہم کشتہ سی یہ کہتی تہی لاگ
لپٹ اوسکی وہ شعلہ ہی لی گیا | عجب طرح کا داغ یہہ دی گیا

پھری خوار ہو ہو کی ناچار سب
کسو کو تحیر کسو کو عجب

کوئی منفعل ساتھہ آتی سی تھا
کوئی بر لبِ آب جاتی سی تھا

خصوصاً وہ بیدل ہوا پرخجل
ندامت ہوئی یہہ جسی متصل

نہ تھا اگلی خجلت ہی سی وہی حرف
ہوا دوسرا ماجرا یہہ شگرف

تفکر کی دریا مین ڈوبا ہوا
کنارے پہ روتا تھا بیٹھا ہوا

کہ پوچھین کبھی جو اوسکی واماندگان
تو یہہ واقعہ کیا کرونگا بیان

کہون کیونکہ یکبار وہ جل گیا
کفِ خاک ہو خاک مین رل گیا

کھنچی جو حرم کو بیگناہی میری
ہوئی شہر مین روسیاہی میری

وہ شعلہ جلاتا مجھی کاشکے
لیے ساتھہ جاتا مجھی کاشکے

اگرچہ یہہ قصہ ہی حیرت فزا
ولی میر یہہ عشق ہی بد بلا

بہت جی جلائی ہین اس عشق نے
بہت گھر لٹائی ہین اس عشق نے

فسانونسی اسکی لبالب ہی دہر
جلائی ہین اس تند آتش نی شہر

محبت نہو کاشکی مخلوق کو
نہ چھوڑی ہی یہہ عاشق نہ معشوق کو

الحمد لله کہ مثنوی شعلۂ عشق سن تصنیف میر تقی مرحوم بتاریخ غرۂ شعبان ۱۲۹۶ ہجری
باہتمام محمد مصطفی خان ولد حاجی محمد روشن خان عفا عنہما المنان در
مطبع مصطفائی واقع بیت السلطنت لکھنؤ زیر اکبری دروازہ محلہ محمود نگر
حلیۂ طبع پوشیدہ